# ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن

ENG-RWP// Disposal-Engineering Scrap/2024-25 Date: 15/04/2025

## SBPبی ایس سی، راولپنڈی میں انجینئرنگ اسکریپ/ ناکارہ اشیا کو ٹھکانے لگانا

1. اسٹیٹ بینک آف پاکستان، SBPبی ایس سی (بینک)، راولپنڈی آفس کو انکم ٹیکس سے رجسٹرڈ دلچسپی رکھنے والی پارٹیز سے دستاویزات میں دی گئیں تفصیلات کے مطابق انجینئرنگ اسکریپ/ ناکارہ اشیا کو ٹھکانے لگانے کے لیے سربمہر پیشکشیں مطلوب ہیں۔
2. اشیا SBPبی ایس سی، راولپنڈی آفس، مال روڈ، راولپنڈی کے احاطے میں موجود ہیں اور ''جیسی ہے جہاں ہے'' کی بنیاد پر فروخت کی جائیں گی۔ دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان کسی بھی ایامِ کار میں صبح **10:00** بجے سے دوپہر **01:00** بجے کے درمیان وزٹ/ معائنہ کر سکتے ہیں۔
3. تفصیلی شرائط اور ضوابط کی حامل بولی دستاویزات پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ویب سائٹس بالترتیب **www.ppra.org.pk** اور **www.sbp.org.pk** سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔ مذکورہ دستاویزات درج ذیل پتے سے بھی تحریری درخواست مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور -/500 روپے (پانچ سو روپے) ناقابلِ واپسی فیس کی بذریعہ بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر بنام SBPبی ایس سی (بینک) ادائیگی کے عوض حاصل کی جا سکتی ہیں۔
4. ممکنہ بولی دہندگان کو بولی کے ساتھ -/30,000 روپے (تیس ہزار روپے) کی گیٹ منی بطور پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ (نقد قابلِ قبول نہیں) جمع کروانی ہوگی۔ بولی کی جانچ پڑتال اور بولی کا عمل مکمل ہونے کے بعد ناکام بولی دہندگان کو گیٹ منی واپس کردی جائے گی۔
5. سب سے زیادہ بولی دینے والے کو ''منظوری کا خط'' جاری ہونے کے سات (07) ایامِ کار کے اندر پیشکش کردہ کُل قیمت (بشمول ٹیکس) کا **100%** بشکل پے آرڈر/ بینک ڈرافٹ جمع کروانا ہوگا، ناکامی کی صورت میں ان کی گیٹ منی ضبط کی جا سکتی ہے اور بینک اگلی سب سے زیادہ بولی کو کام تفویض کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
6. کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے ترسیل مکمل ادائیگی کے بعد کی جائے گی۔ وہ بینک کے احاطے سے اشیا کو اپنی حفاظت و ذمّے داری، خطرے، لاگت اور مزدوری پر ایک ہفتے کے اندر ہٹائے گا۔
7. بینک کو کسی/ تمام بولی دہندگان، مٹیریلز، مزدور، اور کسی اور فرد کی طرف سے پیدا یا حاصل ہونے والے کسی/ تمام دعوؤں اور نقصانات سے بری الذمہ تصوّر کیا جائے گا۔ اِس نیلامِ عام کے انعقاد کے سلسلے میں، بولی دہندگان پر لازم ہے کہ وہ مکمل طور پر واقف ہونے کی تمام ذمے داری قبول کریں کہ کون سی اشیا اس وقت نیلامی کے لیے دستیاب ہیں۔
8. بولیاں لازماً مذکورہ پتے پر **20** مئی **2025**ء کو دوپہر **12:00** بجے یا اس سے قبل وصول ہو جانی چاہئیں۔ بولیاں اُسی دن دوپہر **12:30** پر چیف منیجر، SBPبی ایس سی، راولپنڈی آفس، مال روڈ، راولپنڈی، پاکستان میں کھولی جائیں گی۔
9. اس ٹینڈر سے صرف پیشکش مطلوب ہے اور SBP بی ایس سی، پی پی آر اے رُولز کے مطابق تمام بولیوں کو کسی بھی وقت منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔


**چیف منیجر**

پہلی منزل، اولڈ آفس بلاک، SBP بینکنگ سروسز کارپوریشن، مال روڈ، راولپنڈی

ٹیلیفون: 9272645-(051) ای میل: GSU-Helpdesk-Rwp@sbp.org.pk


**SBPبی ایس سی، راولپنڈی 2/7 میں انجینئرنگ اسکریپ/ ناکارہ اشیا کو ٹھکانے لگانا**

PID(K)00000

Urdu AD Size: 3 col x 16 cm